# CBSE Sample Question Paper
# XII - Urdu (Elective)
# 2019-2020

کل نمبر:۸۰ وقت:۳ر گھنٹے

Time Allowed: 3 Hours Max. Marks. 80

(حصہ-الف)

1- درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھیے اوراس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10

’’خوجی سے ہماری پہلی ملاقات نواب صاحب کے تاریخی بٹیر صف شکن علی شاہ کے گم ہو جانے کے وقت ہوتی ہے۔ جہاں بہت سے مصاحب نواب صاحب کو بٹیر کی گم شدگی کی تعزیت دے رہے ہیں وہاں خوجی بھی ہے۔اس میں کوئی خصوصیت ایسی ضرور ہے کہ وہ بہت جلد ہمیں اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔اس کی تیز زبانی،اس کے فقرے،اس کی خالص افیونیوں کی سی گفتگو،سب میں ایک ذہین بھانڈ کی کیفیت ہے۔خوجی کی وہ خصوصیت جو اسے زوال آمادہ جاگیر دارانہ تمدن کا خاص کردار بناتی ہے اس کا جذبہ وفاداری ہے۔ جب وہ نواب صاحب کے یہاں تھا تو ان کا نمک خوار ہونے کی حیثیت سے ان کا دم بھرتا تھا۔ جب یہی وفاداری آزاد کی طرف منتقل ہو گئی تو وہ ان کے لیے اپنی جان کو مصیبتوں میں ڈالنے کے لیے دکھائی دیتا ہے۔وہ بنا ہوا درباری ظریف یا بھانڈ نہیں ہے بلکہ ایک نفسیاتی کردار ہے جس میں سچائی اور اپنی فطرت کے ساتھ خلوص پایا جاتا ہے۔‘‘

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب ہوتی ہے؟

(iii) خوجی کے کردار میں ہمیں کون کون سی خصوصیات نظر آتی ہیں؟

(iv) خوجی کے جذبہ وفاداری کے بارے میں مصنف کی کیا رائے ہے؟

(v) خوجی کے کردار کی اور کون سی خصوصیات کا مصنف نے ذکر کیا ہے؟

(یا)

’’سنو! یہ شاید ہماری زندگی کی آخری فصل ہے۔ابھی تھل کھیت سے کچھ دوری پر ہے۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں،اپنی فصل کی حفاظت کے لیے پھر کبھی بجوکا نہ بنانا۔اگلے برس جب ہل چلیں گے۔ بیج بویا جائے گا اور بارش کا امرت کھیت میں سے کونپلوں کو جنم دے گا،تو مجھے ایک بانس پر باندھ کر کھیت میں کھڑا کر دینا۔بجوکا کی جگہ پر۔ میں تب

تک تمہاری فصلوں کی حفاظت کروں گا جب تک تھل آ گے بڑھ کر کھیت کی مٹی کو نگل نہیں لے گا اور تمہارے کھیتوں کی مٹی بھر بھری نہیں ہو جائے گی۔ مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں۔ وہیں رہنے دینا۔ تا کہ جب لوگ دیکھیں تو انہیں یاد آئے کہ بجوکا نہیں بنانا، کہ بجوکا بے جان نہیں ہوتا۔ آپ سے آپ اسے زندگی مل جاتی ہے اور اس کا وجود اسے درانتی تھما دیتا ہے اور اس کا فصل کی ایک چوتھائی پر حق ہو جاتا ہے۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) بجوکا کسے کہتے ہیں؟

(iii) ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا نصیحت کی تھی؟

(iv) ہوری نے یہ بات کیوں کہی کہ مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں، وہیں رہنے دینا؟

(v) بجوکا بے جان نہیں ہوتا، وضاحت کیجئے۔

-2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو الفاظ میں لکھئے۔ 5

(i) ''غالبؔ نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا'' تبصرہ کیجئے۔

(ii) قرۃ العین حیدر کے افسانے ''فوٹو گرافر'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

-3 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (5)

(i) افسانے کا عنوان ''میں، وہ'' کیوں رکھا گیا ہے؟

(ii) ''دوسرا جنم ہم کو ملا'' اس سے غالب کی کیا مراد ہے؟

(iii) سائنسدانوں نے کیا دوا ایجاد کی اور کیوں؟

(iv) پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات کیا ہیں؟

(حصہ-ب)

-4 درج ذیل شعری حصوں میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ (10)

زندگی سے ڈرتے ہو؟
زندگی تو تم بھی ہو، زندگی تو ہم بھی ہیں!
آدمی سے ڈرتے ہو؟
آدمی تو تم بھی ہو، آدمی تو ہم بھی ہیں

آدمی زباں بھی ہے، آدمی بیاں بھی ہے
اس سے تم نہیں ڈرتے
حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) آدمی کس چیز سے وابستہ ہے؟

(iii) شاعر نے آدمی کی کیا تعریف کی ہے؟

(iv) ''آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ'' کا کیا مطلب ہے؟

(v) شاعر کس کس سے ڈرنے کے بارے میں پوچھ رہا ہے؟

یا

فصل کے ساتھ ساتھ کھیتوں سے
اگ رہی ہے بغاوتوں کے سپاہ
جگمگاتی ہے عدل کی شمشیر
مل سکے گی نہ ظالموں کو پناہ
کارخانوں کے آہنی دل سے
ایک سیلاب سا ابلتا ہے
سرخ پرچم ہوا کے سینے پر
بن کے رنگِ شفق مچلتا ہے

(i) درج بالا اشعار کس نظم کے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) کھیتوں سے بغاوتوں کی سپاہ اُگنے سے کیا مراد ہے؟

(iii) عدل کی شمشیر جگمگانے سے کیا ہوگا؟

(iv) ''کارخانوں کے آہنی دل سے سیلاب ابلنے'' کا کیا مطلب ہے؟

(v) سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے؟

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو الفاظ میں لکھئے۔ (5)

(i) نظم ''روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا مرکزی خیال لکھئے۔

(ii) معین احسن جذبی کے حالات زندگی اور غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔

6- درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (5)

(i) الطاف حسین حالؔی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ii) ناصر کاظمی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(iii) نظم 'ارتقا' میں جمیل مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟

(iv) نظم کا عنوان ''یادنگر'' نظم کے لیے کتنا موزوں ہے۔

(حصہ-ج)

7- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو الفاظ میں لکھئے۔ (4)

(i) ویکوم محمد بشیر کے افسانے 'جنم دن' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

(ii) پریم چند کی ناول نگاری پر ایک مضمون لکھئے۔

8- درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (6)

(i) پریم چند اپنے ناول ''بیوہ'' کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(ii) مصنف نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا؟

(iii) ''مرحوم کی یاد میں'' انشائیے میں موٹر کو دیکھکر مصنف کو کیا خیال آیا؟

(iv) ڈراما ''یہودی کی لڑکی' کے اہم کرداروں کو قلمبند کیجئے۔

(حصہ-د)

9- درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے۔ (15)

(i) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(ii) اردو زبان کے آغاز پر ایک تعارفی مضمون لکھئے۔

(iii) میرؔ اور غالبؔ کے حوالے سے دبستان دہلی کی شاعری کی خصوصیات لکھئے۔

(iv) انیسؔ اور نسیمؔ کے حوالے سے دبستان لکھنؤ کی شاعری کی خصوصیات لکھئے۔

10- درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (10)

(i) سر سید تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔

(ii) غالب کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(iii) ترقی پسند تحریک پر ایک نوٹ لکھئے۔

(iv) افسانے کی تعریف لکھئے اور اس کے اجزائے ترکیبی بتائیے۔

11- درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھئے۔ (5)

(i) کرشن چندر کے رپورتاژ کا عنوان بتائیے؟

(a) میں وہ

(b) پودے

(c) اس آباد خرابے میں

(ii) ''وقت کا ترانہ'' صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

(a) مرثیہ

(b) رباعی

(c) طویل نظم

(iii) نظم ''گور غریباں'' کا شاعر کون ہے؟

(a) اقبال

(b) نظم طباطبائی

(c) ن.م.راشد

(iv) 'سکون کی نیند' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) مختصر افسانہ

(b) ناول

(c) سوانح

(v) ان میں سے کون شاعر نہیں ہے؟

(a) معین احسن جذبی

(b) خواجہ حسن نظامی

(c) ناصر کاظمی

☆☆☆